Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۴ ربیع الاول ۱۳۴۲ھ مطابق ۱۵ اکتوبر ۱۹۲۳ء	نمبر ۴۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	انتظام بابت استعفا مولوی منور علی صاحب محدث	۱
۲	بابت فروخت [illegible] ۱۱ قطعہ	۲
۳	رخصت منشی احمد علی صاحب شوق قدوائی	〃
۴	تعین عارضی منشی حبیب [illegible] خان صاحب بعہدہ تحصیلداری حضور تحصیل	〃
۵	باہمی تبادلہ [illegible] لال و مقبول احمد خان	〃
۶	رخصت سید [illegible] ابراہیم [illegible] خفیفہ	〃
۷	عطائے اختیارات بہ منشی حبیب [illegible] خان صاحب تا سرانجام کار	〃
۸	تقرر عارضی یوسف علی خان تا واپسی [illegible]	〃
۹	نقشہ بارش و نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

استعفا

۲۸ ستمبر ۱۹۲۳ء

حسب رائے صاحب ہوم سکریٹری بہادر مولوی منور علی محدث مدرسۂ عالیہ کا استعفا ۱ ستمبر ۱۹۲۳ء سے منظور فرمایا گیا۔ اور بجائے مستعفی عارضی بجائے مولوی وزیر احمد مدرس درجۂ ادب کا بتنخواہ مستعفی کیا گیا۔ درجۂ ادب نصف مولوی اشفاق احمد مدرس درجۂ مولوی کے اور نصف مولوی سید رسول مدرس درجۂ مولوی عالم کے [illegible] بارہ روپیہ ماہوار درجۂ ادب سے متعلق ہوا۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۹ر ستمبر ۱۹۲۳ء

مثبتۂ عرضداشت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر مشمولہ کاغذات

عرضداشت صاحب فائنشل سکریٹری بہادر دربارہ ترمیم قیمت فارم داخلہ جو خزانہ سے چار آنہ فیصدی دفاتر مین فروخت ہوا کرتے تھے اب بجائے اسکے نو آنہ فیصدی دفاتر مین بلا گرانی کا فند ونقصان سرکار وعوام کے لئے ایک سو پرت تک بحساب عہ وبحالت بیشی یک روپیہ فیصدی تحصیلات مین فروخت کرنے کی حالت مین گماشتہ خزانچی کو ایک آنہ فیصدی کمیشن تجویز فرمایا جائے۔

فارم داخلہ دفاتر کے صرف کے لئے بحساب نو آنہ دیئے جائین اور عوام کو ایک سو پرت تک بحساب ایک روپیہ نو آنہ فیصدی دیئے جائین اور سو پرت سے زیادہ کے خریدار کو بحساب یک روپیہ فیصدی دیئے جائین فارم گماشتہ گان تحصیلات کے پاس رکھوا دیئے جائین۔ اور انکو فروخت کرنیکی حالت مین موازی ار فیصدی کمیشن دیا جائے۔ احکام اطلاعی جاری ہون ایک نقل درج گزٹ ہو۔

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۹ر اکتوبر ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر۔ رعایتی رخصت یکماہ منشی احمد علی صاحب شوق قدوائی ملازم کتب خانہ منظور فرمائی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۸ر اکتوبر ۱۹۲۳ء

امجد علی خان نائب پیشکار اجلاس کی مزید رخصت نو یوم ۱۱ر اکتوبر سے ۱۹ر اکتوبر تک بانتظام موجودہ منظور کی گئی۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۷ر اکتوبر ۱۹۲۳ء

چونکہ مولوی مشیت اللہ صاحب تحصیلدار حضور تحصیل سخت علیل ہین اور جس وقت کام تحصیل وصول کا ہے۔ لہذا مناسب ہے کہ تا حکم ثانی منشی حبیب اللہ خان تحصیلدار زائد تحصیلدار صاحب حضور تحصیل کا کام انجام دین حبیب اللہ خان کو تحصیل وصول کے کام مین کوشش کرنا چاہئے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

بغرض تعمیل بالا صدر سے احکام جاری ہون۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

تبادلہ

۱۱ر اکتوبر ۱۹۲۳ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس۔ باہمی تبادلہ اشرفی لال ہیڈ کانسٹبل مشاہرہ دار بارہ روپیہ ماہوار و مقبول احمد خان کلرک مشاہرہ دار آٹھ روپیہ ماہوار منظور ہوا۔ اب اشرفی لال آٹھ روپیہ اور مقبول احمد خان بارہ روپیہ پائینگے۔

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۸ر اکتوبر ۱۹۲۳ء

حسب چٹھی یادداشت صاحب جج بہادر عدالت خفیفہ۔ سید مدبر احمد امین خفیفہ کی رخصت چودہ یوم بوجہ علالت منظور کی گئی۔ کام کا انتظام حسب رائے صاحب جج خفیفہ رہیگا۔

اختیارات

۱۱ر اکتوبر ۱۹۲۳ء

تا سرانجام دہی کار تحصیلداری حضور تحصیل حبیب اللہ خان کو صیغہ دیوانی مین منیر منصفی اور صیغہ فوجداری مین مجسٹریٹ درجہ دوم کے اختیار دیئے گئے۔

ملخص حکم اجلاس صاحب فائنشل سکریٹری بہادر

تقرر

۳۰ر ستمبر ۱۹۲۳ء

حسب تحریر بخشی صاحب فوج۔ یوسف علی خان عوض یکم ستمبر ۱۹۲۳ء سے تا واپسی احمد بخش برای یکماہ مشاہرہ دس روپیہ ماہوار مقرر کیا گیا۔ یہ تنخواہ احمد بخش کی تنخواہ سے دیجائیگی اور چار روپیہ جو رخصتی کی تنخواہ سے باقی رہیگا وہ بچت سرکار ہوگی۔

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتداء ۷ لغایت ۱۳ اکتوبر ۱۹۲۳ء

تاریخ و دن	صدر ریاست: تعداد انچ	صدر ریاست: از یکم جون	تحصیل بلاسپور: تعداد انچ	تحصیل بلاسپور: از یکم جون	تحصیل سوار: تعداد انچ	تحصیل سوار: از یکم جون	تحصیل شاہ آباد: تعداد انچ	تحصیل شاہ آباد: از یکم جون	تحصیل ملک: تعداد انچ	تحصیل ملک: از یکم جون	تحصیل ٹانڈہ: تعداد انچ	تحصیل ٹانڈہ: از یکم جون
۷ اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم یکشنبہ	۰	۳۱۲½	۰	۵۱۲	۰	۲۴۸	۰	۲۶۸	۰	۲۹۱	۰	۲۵۱
۸ اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم دوشنبہ	۰	۳۱۲½	۰	۵۱۲	۰	۲۴۸	۰	۲۶۸	۰	۲۹۱	۰	۲۵۱
۹ اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم سہ شنبہ	۰	۳۱۲½	۰	۵۱۲	۰	۲۴۸	۰	۲۶۸	۰	۲۹۱	۰	۲۵۵
۱۰ اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم چہارشنبہ	۰	۳۱۲½	۰	۵۱۲	۰	۲۴۸	۰	۲۶۸	۰	۲۹۱	۰	۲۵۱
۱۱ اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم پنجشنبہ	۰	۳۱۲½	۰	۵۱۲	۰	۲۴۸	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰
۱۲ اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم جمعہ	۰	۳۱۲½	۰	۵۱۲	نقشہ نہیں آیا	۰	〃	۰	〃	۰	〃	۰
۱۳ اکتوبر ۱۹۲۳ء یوم شنبہ	۰	۳۱۲½	نقشہ نہیں آیا	۰	〃	۰	〃	۰	〃	۰	〃	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتداء ۷ لغایت ۱۴ اکتوبر ۱۹۲۳ء

نام جنس	قصبہ تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷۔۰	۷				۸	
نخود خالص	۱۳	۱۴				۱۳	
نخود کرتہ	۱۳	۱۲				۱۲	
جو	۱۸	۱۷				۱۶۔۰	
ماش	۷۔۰	۶				۰۰	
مونگ	۸	۰				۶	
مکا	۱۵	۰				۱۳	
جھنگی	۱۷	۰				۱۴	
کودی	۰	۰				۱۲	
عدس	۱۲	۰				۱۲	
ارہر	۰	۰				۱۲	
برنج	۳	۵				۵	
روغن زرد	۰۰	۰				۰۰	
روغن سیاہ	۱۰	۱۰				۷	
روغن کنجد	۰۰	۶				۱	
نمک سانبھر	۵	۷۔۰				۵	
نمک لاہوری	۲	۱۶				۶	
قند سیاہ	۵	۱۴				۱۴	
باجرہ	۰	۰				۰	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا

مطبوعہ مطبع سرکاری ریاست رامپور